سرالشہادتین
تخریج شدہ
مصنف: شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
ترجمہ تخریج وتحقیق
ابو الحماد مولانا محمد احمد برکاتی
نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

سِرُّالشَّہَادَتَیْن

اُردو

تخریج شدہ

مصنف:

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

ترجمہ تخریج وتحقیق

ابوالحماد مولانا محمد احمد برکاتی

مکتبہ برکاتیہ

دیپالپور روڈ، الہ آباد، ٹھینگ موڑ، ضلع قصور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب	''سر الشہادتین (مترجم وتخریج شدہ)''
نام مصنف	حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
ترجمہ وتحقیق وتخریج	مولانا ابوالحماد محمد احمد برکاتی
ناشر	نوریہ رضویہ پبلی کیشنز' لاہور
طباعت اول	نومبر 2012ء
تعداد	1100
مطبع	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز' لاہور
کمپیوٹر کوڈ	1N0149
قیمت	130 روپے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11- گنج بخش روڈ' لاہور

فون 042-37313885-042-37070663

Email:nooriarizvia@hotmail.com

مکتبہ نوریہ رضویہ بغدادی جامع مسجد گلبرگ اے فیصل آباد

فون: 041-2626046

مکتبہ برکاتیہ دیپالپور روڈ الٰہ آباد (ٹھینگ موڑ) ضلع قصور

فون: 0300-4746132

فہرست مضامین

چند غور طلب باتیں

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ۔ اَمَّا بَعْدُ

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ان عظیم المرتبت ہستیوں میں سے ہیں جنہوں نے ہندوستان میں اسلام کے لئے اپنی خدمات جلیلہ عمر بھر پیش کئے رکھیں اور اپنی انتھک محنت سے اسلام کو دیارِ ہند میں جلا بخشی اور یوں اسلام کی آبیاری میں اپنا حصہ شامل کیا۔ آپ نے پرچمِ اسلام کو مواعظ حسنہ کی خداد صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ تحریری میدان میں بھی گراں قدر خدمات سے سربلند رکھنے کے لئے پوری ہمت اور جرأت سے کام لیا۔ اس سلسلہ میں آپ کی فتاویٰ عزیزی اور قرآن پاک کی تفسیر فتح العزیز اور تحفہ اثناء عشریہ کی مثالیں موجود ہیں۔ آپ نے اس کے ساتھ ساتھ محققانہ انداز میں اپنی ایک تحقیقی کاوش "سر الشہادتین" کے نام سے موسوم کر کے آنے والی نسلوں کے لئے ایک تحقیقی کارنامہ سرانجام دیا ہے اور اسے اس کے نام کی حقیقی تصویر بنا دیا ہے۔ اور یقیناً دریا کو کوزے میں بند کر کے اپنی تحقیقی کا حق ادا کر دیا ہے۔ یہ کتاب حضرات حسنین کریمین کی شہادتوں اور ان کے متعلقہ بیانات سے مزین ہے۔ آ

پ کی اس تحقیق سے بے موسمے مینڈک جو کہ اہل بیت اطہار کے ساتھ بغض سراً اور کبھی کبھی جہراً کرتے ہوئے حب اہلِ بیت کو شیعیت کا نام دیتے ہیں اور یزید لعین کو ملفوف طور پر ہیرو بنانے کی جسارت کرتے ہیں نیز یہ کہ یزید لعین کو کبھی ''رحمۃ اللہ علیہ'' اور کبھی ''رضی اللہ عنہ'' جیسے پاکیزہ کلمات کا اپنے زُعمِ باطل میں حقیقی مصداق بنانے کی ناپاک جسارت کرتے ہیں ان عناصر کے لئے حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر یقیناً غور طلب ہے۔ خصوصاً حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اندازِ بیان سے جس طرح احادیثِ طیبہ سے تشریحی انداز میں حقائق پیش کئے ہیں یہ آپ ہی کا خاصہ ہے۔

والد محترم پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا محمد علی برکاتی صاحب نے حکم فرمایا کہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اس کتاب پر کام کرو اس سلسلہ میں استاذ العلماء والحکماء حضرت علامہ مولانا حکیم محمد اسماعیل صاحب نقشبندی نے کاملِ شفقت سے راقم الحروف کو ''سر الشہادتین'' کا نسخہ عطا فرمایا تو ان کے ارشاد کے مطابق راقم الحروف محمد احمد برکاتی نے حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اس تحقیقی کاوش کو عامۃ الناس کے ہاتھوں پہنچانے کی غرض سے ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ مزید یہ کہ استاذ المناظرین محقق دوراں حضرت علامہ پروفیسر محمد انوار حنفی صاحب سے ضروری مشاورت بھی حاصل کی۔ اس کے

ساتھ ساتھ چوں کہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے محدثانہ انداز میں صرف متعلقہ محدث اور راویٔ اول کا نام ہی ذکر کیا ہے لہذا راقم الحروف نے حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اس کاوش کی توثیق کے لئے تخریج کا کام کردیا ہے اور اس کتاب میں راقم الحروف کے پیش کردہ حوالہ جات کی تعداد پونے چارسو کے قریب ہے اور یہ تقریباً چھیاسی کتب میں سے منتخب کئے گئے ہیں۔ کیوں کہ اس سے پہلے راقم نے اپنی کتب ''لمعات مصطفیٰ''، ''شب برات کے دلائل وفضائل'' وغیرھما کی تخریج کی ہے لہذا یہ تجربہ بھی کام آیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اعراب کا کام ہو گیا ہے تاکہ عام قاری بھی ان عربی عبارات کا حظ اٹھاسکے جو کہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمائی ہیں۔ مزید برآں حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے عنوانات کا قائم نہیں فرمائے بلکہ اس کو تسلسل کے ساتھ ایک ہی ردھم میں تحریر فرمایا ہے اس لئے عام قاری کے لئے سہولت پیدا کرنے کی غرض سے راقم الحروف نے اس کے لئے مختلف ابواب قائم کئے ہیں تاکہ متعلقہ مسئلہ تک پہنچنے میں آسانی رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عربی تحریر بھی پیش کردی ہے تاکہ جو چاہے وہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اصل عبارت کی طرف بھی رجوع کرلے۔ البتہ مزید آسانی کی غرض سے نہ صرف اردو ترجمہ میں حوالہ جات لگائے ہیں بلکہ تقریباً وہی حوالہ جات عربی متن میں بھی لگائے دیئے ہیں تاکہ باربار

ورق الٹنے اور حوالہ جات تلاش کرنے کا تکلف نہ کرنا پڑے۔

واضح رہے کیوں کہ حوالہ جات راقم الحروف نے دیئے ہیں اس لئے ان کے ساتھ "تخریجِ برکاتی" کا نام دیا ہے تاکہ پڑھنے والے کو التباس نہ ہو۔

کیوں کہ ماہِ محرم الحرام شریف کی آمد آمد ہے اس لئے اس کتاب کو تعجیل سے آپ کی خدمت پیش کرنے کی کوشش کی اس لئے عین ممکن ہے کہ کمپوزنگ وغیرہ میں کہیں کوئی فرق آگیا اس کے لئے قارئین سے اعتذار کرتے ہوئے بہتر اور مفید مشاورت کی رجاء وامید کے ساتھ دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت اس کاوش کو عفوِ عصیاں اور آلِ نبی کی نظر عنایت اور ان کے نانا جان امام الانبیاء صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شفاعت کا مستحق بنائے۔ اور مزید یہ کہ اے اللہ رب العزت جو اہل بیت سے حقیقی محبت کرتے ہیں انہیں بروز حشر حضرات حسنین کریمین کے پرچم کے نیچے جگہ عطا فرما اور جو یزید سے محبت کرتے ہیں ان کا یزید سے محبت کرنے والوں میں حشر فرما۔

آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم

لی خمسة اطفی بها حر الوباء الحاطمة

المصطفیٰ والمرتضیٰ وابناهما والفاطمة

اگر دعوۃ رد کنی ور قبول

من و دست و دامانِ آل رسول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انبیائے کرام اور مقام مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے خوب جان لو کہ بے شک انبیائے کرام علیہم السلام میں جو کمالات اور خوبیاں جدا جدا ہیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں وہ تمام خوبیاں یکجا فرمادی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خلافت جیسا کہ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام اور حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کو، بادشاہی جیسے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو، حُسن جیسا کہ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کو، خُلت جیسا کہ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو، کلام جیسا کہ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو، عبادت جیسی کہ حضرت سیدنا یونس علیہ السلام کو، شکر جیسا کہ حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کو عطا فرمایا اس سے کہیں زیادہ کمالات اور دیگر اقسام ولایات، مستقل اور مکمل شانِ محبوبی اور کامل شانِ مصطفائی اور انتہائی قریب سے مکمل دیدار الٰہی، شفاعتِ عظمٰی اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے جہاد کرنا اور اس قسم سے ہٹ کر بھی دیگر کمالات جیسا کہ وسعتِ علم، مکمل عرفانِ خداوندی، قوتِ فیصلہ، اور ہر معاملہ میں شرعی حکم بیان فرمانا، اجتہاد، شرعی حکم کے خلاف چلنے والوں کا حساب فرمانا، قرات اور اس کے علاوہ بھی آپ کو بے شمار فضائل عطا فرمائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور شہادت

آپ کا ایک وصف ابھی باقی تھا جس کے حصول کا ابھی ظہور نہیں ہوا تھا اور وہ تھا آپ کے لئے شہادت ۔ اصل میں اس کے بظاہر عدم حصول کا راز یہ تھا کہ اگر آپ میدان کارزار میں شہادت حاصل فرماتے تو اس سے شوکتِ اسلام کے کم ہونے کا اندیشہ تھا اور عامۃ الناس کی نظروں میں کجی پیدا ہوسکتی تھی اور اگر آپ عام حالات میں اچانک شہید ہوجاتے جیسا کہ آپ کے بعض خلفاء شہید ہوئے تو پھر شہادت مکمل طور پر ظاہر نہ ہوتی بلکہ وہ اکمل شہادت قرار نہ پاتی ۔ کیوں کہ مکمل شہادت یہ ہے کہ آدمی مسافری اور سختی کی حالت میں مارا جائے اور اس کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دی جائیں اور اس کی لاش میدان میں پڑی رہے ۔ اور اس کے اردگرد بہت زیادہ لوگ ، اس کے بہت سے معزز ساتھی اس کے رشتہ دار قتل ہوں ، ان کا مال لوٹا جارہا ہو ، ان کی عورتوں اور ان کے بچوں کو یتیم اور قیدی بنایا جارہا ہو اور یہ تمام کا تمام صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہو ۔ (اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سے کم شہادت نہیں ہوتی بلکہ مطلب یہ کہ اگر آپ کی شہادت ہوتی اور کسی دوسرے کی مذکورہ درجہ کی شہادت ہوتی تو پھر اس کی شہادت آپ کی شہادت سے اعلیٰ قرار پاتی) تو آپ کے میدان کارزار میں شہید نہ ہونے میں حکمت یہ تھی آپ کو اس سے بھی بڑا اکمال مل جائے ۔ اور وہ یہ ہے کہ آپ کو دیگر تمام کمالات

کے ساتھ ساتھ آپ کے وصال کے بعد اور خلافت کے ایام گذرنے کے بعد بھی کمال عطا فرمانا ہے۔ وہ دور (یعنی دورِ رسالت مآب اور دور خلافت راشدہ) جو کہ ایسی مغلوبیت اور مظلومیت کے منافی تھا۔ وہ مغلوبیت اور مظلومیت جو کہ اہل بیت کے مردوں بلکہ وہ جو کہ آپ کے قرابتداروں میں سے سب سے زیادہ قریبی ہو اور وہ ان کے قرابتداروں میں سے ہو جائے جو کہ بیٹوں کے حکم میں ہو جو یہاں تک ہو کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حال میں پہنچ جائے اور ان کا کمال حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ہی کمال ثابت ہو۔

حضور ﷺ اور شہادتِ حسنین کریمین کا حقیقی فلسفہ

چنانچہ اللہ تعالیٰ کی رحمت خلافت راشدہ کے ایام گذرنے کے بعد اس کمال کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تک پہنچانے کے لئے ہوئی تو اس کام کے لئے حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کو ان کے نانا جان پر افضل درود اور رحمتیں ہوں، کی نیابت کا حقدار بنایا۔ ان شہزادوں کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زیارت کا آئینہ بنایا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حسن کے دو رخسار بنایا۔ کیونکہ شہادت کی دو اقسام ہیں شہادت سِرّی اور شہادت اعلانیہ۔ اور یہ دونوں اقسام ان دونوں شہزادوں میں تقسیم کر دی گئی ہیں۔ بڑے نواسے کو پہلی قسم کے ساتھ مخصوص کیا گیا جس کا معاملہ چھپا رہا اور اس کا ذکر وحی میں ظاہر نہ ہوا اور اس شہادت کے واقع ہونے کے وقت

ان کا معاملہ مبہم ہی رہا یہاں تک کہ وہ معاملہ ان کی زوجہ کے ہاتھوں ہوا جب کہ بیوی جس سے عداوت کی بجائے محبت کا تعلق ہوتا ہے۔ اور یہ تمام کا تمام راز اور پوشیدگی سے ہوا اور پھر یہ بھی خود حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کی خبر نہیں دی تھی اور نہ ہی امیر المؤمنین حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے دی تھی اور نہ ہی کسی اور نے دی تھی۔

چھوٹے شہزادے دوسری قسم کے ساتھ مخصوص ہوئے جس کی بنیاد اپنے معاملہ کے ساتھ شہرت اور اس اعلان پر ہے جو کہ ابتداء میں وحی کی صورت میں حضرت جبریل علیہ السلام اور ان کے علاوہ دیگر فرشتوں کی زبان پر ہوئی پھر اس جگہ کے تعین سے اور اس جگہ کے نام سے، اور وقت کے بھی تعین سے جو ساٹھ ہجری کی انتہاء ہے۔ پھر اس واقعہ کی بہت زیادہ شہرت اور اس کے ذکر کا حضرت امیر المؤمنین علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کی زبان پر صفین کے سفر پر جاتے ہوئے جاری ہونا۔ پھر جب شہادت کا واقعہ مشہور ہوا تو اس کی شہرت مٹی کے خون بننے، آسمان سے خون برسنے غیبی آوازوں کے دردناک اشعار جنات کے نوحے، ان کا رونا، درندوں کا ان کے شہید جسموں کے گرد گھومنا اور ان کی حفاظت کرنا، سانپوں کا ان کے قاتلوں کے نتھنوں میں گھس جانا اور اس کے علاوہ اور بہت سے اسباب جن کی بناء پر یہ واقعہ مشہور ہوا۔ اور یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ ہر موجود اور غائب اس جانکاہ واقعہ سے آگاہ ہو جائے۔ بلکہ رونا باقی رہے اور رنج وغم

جاری رہے اور یہ کہ قیامت تک حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی امت میں اس دردناک واقعہ کے مصائب کا تذکرہ ہوتا رہے۔ پس شہادت کی یہ قسم عرش کے فرشتوں، زمین کی آخری تہہ تک، عالم غیب میں، عالم موجود میں، جنوں میں، انسانوں میں، بولنے والی مخلوقات، خاموش رہنے والی مخلوقات میں شہرت کی انتہاء تک پہنچ گئی۔

اس مقدمہ کی تمہید قائم ہونے کے بعد ہم اس باب کے متعلقہ تمام باتیں جن کا ہم نے تمہید میں تذکرہ کیا ہے، انہیں بیان کرتے ہیں۔

شہادتِ حسنین کریمین اور حقائق

ہم کہتے ہیں کہ یہ دونوں صاحب زادے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بیٹے شمار کیے جاتے ہیں تو اس کی دو وجوہات ہیں: پہلی وجہ یہ ہے کہ بیٹی کے بیٹے کے لئے بھی بیٹا ہونے کا ہی حکم لگایا جاتا ہے اسی لئے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل میں ہی شمار کیا گیا تھا۔ دوسری وجہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بذات خود انہیں اپنا بیٹا قرار دیا تھا جو کہ بہت سی احادیث سے ثابت ہے۔ اور وہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ دونوں میرے بیٹے ہیں۔ اور احمد نے اپنی مسند میں ابو اسحاق السبیعی سے، ھانی بن ھانی اور انہوں نے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا کہ جب (حضرت امام) حسن (رضی اللہ عنہ) پیدا ہوئے تو اس وقت حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے اور

ارشاد فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ اور اس کا کیا نام رکھا ہے؟۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مین نے عرض کیا کہ میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا بلکہ اس کا نام حسن ہے۔ جب (حضرت امام) حسین (رضی اللہ عنہ) پیدا ہوئے تو اس وقت حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ اور اس کا کیا نام رکھا ہے؟۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا بلکہ اس کا نام حسین ہے۔ پھر جب تیسرا بیٹا پیدا ہوا تو ارشاد فرمایا مجھے میرا بیٹا دکھاؤ اور اس کا کیا نام رکھا ہے ؟۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا بلکہ اس کا نام محسن ہے۔ پھر ارشاد فرمایا کہ میں نے ان کے نام حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے نام پر شبر، شبیر اور مشبر رکھے ہیں۔ اس روایت کو طبرانی نے المعجم الکبیر میں، دارقطنی نے کتاب الافراد میں، حاکم، بیہقی اور ابن عساکر ان تمام نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

بغوی اور طبرانی نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے اسی کے مثل الفاظ کے ساتھ روایت بیان کی ہے۔

تخریجِ برکاتی:

۔مسند احمد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 98۔

۔مؤطا امام محمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 631۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 15 صفحہ نمبر 409۔

۔مسند ابی داؤد طیالسی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 19۔

۔مصنف ابن ابی شیبۃ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 379۔

۔مسند البزار حدیث نمبر 742۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 180+183۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 96۔

۔الاحادیث المختارۃ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 180۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 6 صفحہ 166 + جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 63۔

ابن عساکر جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 117۔

۔البحر الزخار (مسند البزار) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 415۔

۔مجمع الزوائد جلد (ہیثمی) نمبر 8 صفحہ نمبر 102۔

۔موارد الظمآن الیٰ زوائد ابن حبان (ہیثمی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 415۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 660۔

۔ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبداللہ طبری) صفحہ نمبر 119۔

۔اسد الغابۃ (ابن اثیر): ترجمہ حسن بن علی + ترجمہ حسین بن علی۔

۔الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ (عسقلانی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 243۔

۔بغیۃ الطلب فی تاریخ حلب (ابن العدیم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 6۔

قاموس (عربی ڈکشنری) میں موجود ہے کہ شَبَّر جیسے بَقَّم، شَبِّیر جیسے قَمِّیر اور مُشَبِّر جیسے مُحَدِّث، یہ سب حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے نام تھے۔

جنتی جوانوں کے سردار اور حضور ﷺ مالک ومختار

اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ دونوں صاحبزادے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دیدار کرنے کے لئے آئینہ ہیں تو اس کی دو دلیلیں ہیں پہلی دلیل یہ ہے جو کہ سیادتِ مُطلقہ کی جہت سے حاصل ہے تو اس بارے میں نسائی، روّیانی اور ضیاء مقدسی نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے، ابو یعلیٰ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے، ابن ماجہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ابن عدی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے، ابو نعیم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے، طبرانی نے المعجم الکبیر میں حضرت عمر رضی فاروق، حضرت جابر، حضرت براء، حضرت اسامہ بن زید، حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہم سے، دیلمی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور ابن عساکر نے حضرت عائشہ، حضرت ابن عمر، حضرت ابن عباس اور حضرت ابو رمثہ رضی اللہ عنہم سے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حسن اور حسین دونوں جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔ ابن ماجہ نے یہ الفاظ زیادہ بیان کیے ہیں کہ ان کے والدین ان سے بہتر ہیں۔

تخریجِ برکاتی:

۱ سنن ابن ماجہ المقدمہ باب فضل علی بن ابی طالب۔

۲ مشکل الآثار (طحاوی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 150۔ بیان مشکل ما روی عن رسول اللہ فاطمۃ منی

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 339۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 182۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 209۔

۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 140۔

۔کنز العمال (علی متقی) حدیث نمبر 34259۔

۔معجم ابن اعرابی حدیث نمبر 2266۔

۔کشف الخفاء (العجلونی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 34۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 293۔

۔مرقاۃ شرح مشکوٰۃ (ملا علی قاری) جلد نمبر 18 صفحہ نمبر 34۔

طبرانی کے نزدیک الفاظ ہیں کہ ان دونوں کے والدین دونوں سے افضل ہیں اور حاکم اور ابن حبان اور ان دونوں محدثین کے علاوہ اور بھی کچھ محدثین نے یہ الفاظ بیان کئے ہیں کہ سوائے آپس کی خالاؤں کے بیٹوں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کے۔

تخریج برکاتی:

۔مشکل الاثار (طحاوی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 499۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 50۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 38۔

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 71۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 182۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 374۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 64 صفحہ نمبر 192۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 15 صفحہ نمبر 411۔

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 158۔

۔اسد الغابۃ (ابن اثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 259۔ (حسن بن علی)

۔شرح مذاہب اہل السنۃ (ابن شاہین) حدیث نمبر 175۔

۔فضائل الخلفاء الراشدین (ابونعیم) حدیث نمبر 130۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 489۔

۔البدایۃ والنھایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 61۔

ان تمام روایات سے ان کا آئینہ ہونے کی وضاحت ہے کہ ان دونوں کی محبت حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت اور ان سے دشمنی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے دشمنی ہے۔ جیسا کہ ابن عساکر وغیرہ کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس نے ان دونوں سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔

تخریجِ برکاتی:

۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 288۔

۔فضائل الصحابۃ (احمد بن حنبل) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 771۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 49۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 48۔

۔مشکل الاثار (طحاوی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 451۔

۔مسند اسحاق بن راھویہ حدیث نمبر 211۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 29۔

۔ذیل تاریخ بغداد (ابن نجار بغدادی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 143۔
۔ابن عساکر جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 132۔
۔الکامل (ابن عدی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 435۔
۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 223۔
۔تہذیب التہذیب (عسقلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 260۔
۔الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ (عسقلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 71۔
۔سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 277۔
۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 401۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 119۔

اور دوسری جہت صورتوں کی مشابہت سے ہے۔ یہ دونوں شکل وصورت میں بھی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذاتِ مقدسہ کی ظاہری تصویر کی طرح تھے۔ چنانچہ امام بخاری نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے بڑھ کر کوئی بھی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مشابہ نہ تھا اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی کہا کہ وہ بھی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مشابہ تھے۔

تخریج برکاتی:

۔صحیح بخاری کتاب فضائل الصحابہ باب مناقب الحسن والحسین۔
۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 468۔
۔تہذیب الاسماء (نووی) ترجمہ حسن بن علی بن ابی طالب۔
۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 474۔

۔ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبداللہ طبری) صفحہ نمبر 127۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 115۔

اس حدیث کو ترمذی نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے۔حضرت حسن رضی اللہ عنہ سر سے لے کر سینہ تک حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مشابہہ تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سینہ سے لے کر اس سے نیچے تک حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مشابہہ تھے۔

تخریجِ برکاتی:

۔سنن ترمذی کتاب المناقب باب مناقب الحسن والحسین۔

۔مسند احمد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 99۔

۔مسند ابی داؤد طیالسی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 19۔

۔صحیح ابن حبان کتاب اخبارہ عن مناقب الصحابہ باب اخبارہ عن مناقب الصحابہ رجالھم ونسائھم۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 273۔

۔الاحادیث المختارۃ (مقدسی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 393۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 183۔

۔اسد الغابۃ (ابن اثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔

۔البدایۃ والنھایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 39۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 660۔

۔موارد الظمآن (ہیثمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 553۔

۔ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبداللہ طبری) صفحہ نمبر 127۔

۔الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (ابن عبدالبر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 114۔

۔سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 250۔

۔تاریخ اسلام (ذہبی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 95۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 60۔

ترمذی نے روایت کیا ہے کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کو پکڑا اور فرمایا کہ جو مجھے دوست اور ان دونوں کو دوست رکھے گا اور ان کے والدین کو دوست رکھے گا وہ قیامت کے دن میرے ساتھ ہوگا (ترمذی نے کہا کہ اس حدیث میں کچھ ضعیف ہے)

تخریج برکاتی:

۔سنن ترمذی ابواب المناقب باب ذیل مناقب علی بن ابی طالب۔

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 77۔

۔فضائل الصحابۃ (احمد بن حنبل) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 693۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 196۔

۔الاحادیث المختارۃ (مقدسی) جلد نمبر 2 صفحہ 44۔

۔کتاب الشفاء (قاضی عیاض) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 20۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 6706۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 228۔

۔سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 135۔

۔تاریخ اسلام (ذہبی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 95۔

۔الریاض النضرۃ (محب طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 277۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 97۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 58۔

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور پیدل حج

حضرت جعفر بن محمد نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد نے بیان کیا کہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پندرہ پیدل حج کیے اور آپ اپنے گھوڑے کے آگے آگے چلتے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا تمام مال زندگی میں دو مرتبہ غرباء و مساکین میں تقسیم فرمایا، اور تین مرتبہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں آدھا مال تقسیم فرمایا یہاں تک کہ آپ نے ایک جوتا دے دیا اور دوسرا رکھ لیا ایک موزہ دے دیا اور ایک رکھ لیا۔

تخریج برکاتی:

۔تاریخ اسلام (ذہبی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 37۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 233۔

۔صفۃ الصفوۃ (ابن جوزی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 760۔

۔ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبداللہ طبری) صفحہ نمبر 137۔

نوٹ: بعض محدثین نے آپ کے پیدل پچیس حج کرنے کا ذکر بھی کیا ہے ان کے کچھ حوالہ جات درج ذیل ہیں: برکاتی غفرلہ

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 185۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 331۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 242۔

۔اخبار مکہ (فاکہی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 396۔

۔اتحاف الخیرۃ المھرۃ (بوصیری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 43۔

۔سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 260۔

۔البدایہ والنہایہ (ابن کثیر) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 42۔

۔تاریخ الخلفاء (سیوطی) صفحہ نمبر 166۔

۔حیوۃ الحیوان الکبریٰ (دمیری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 191۔

۔الصواعق المحرقہ (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 409۔

راجح قول کے مطابق آپ کا وصال انچاس سن ہجری میں ماہ ربیع الاول کی ابتداء یا ماہِ صفر کے اختتام پر ہوا۔ اور یہی مشہور ہے۔

شہادتِ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

آپ کے وصال کا سبب یہ ہوا کہ آپ کی زوجہ جعدہ بنت اشعث بن قیس نے یزید بن معاویہ کی ایماء پر آپ کو زہر دے دیا اس شرط پر کہ یزید جعدہ سے شادی کر لے گا۔ چنانچہ اس نے آپ کو زہر دے دیا جس سے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ شدید بیمار ہو گئے۔ جس کے اثرات چالیس دن تک رہے پھر آپ کا وصال ہو گیا۔ چنانچہ جعدہ بنت اشعث نے یزید کو شادی کا وعدہ پورا کرنے کا پیغام بھیجا۔ یزید نے جواباً کہا کہ ہم حضرت حسن کے پاس تمہارے رہنے پر راضی نہ تھے اب تجھے اپنے پاس بیوی کے طور پر کیسے رکھ سکتے ہیں۔ پس وہ دنیا و آخرت میں کھلا خسارہ پانے والی ہو گئی۔

تخریجِ برکاتی:

- ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 284۔
- اسد الغابۃ (ابن اثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 261۔
- الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (ابن عبدالبر) صفحہ نمبر 115۔
- تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 252۔
- سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 274۔
- تہذیب التہذیب (عسقلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 260۔
- تاریخ الخلفاء (سیوطی) صفحہ نمبر 169۔
- الصواعق المحرقۃ (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 413۔
- سمط النجوم العوالی فی انباء الاوائل والتوالی (عصامی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 44۔
- وفیات الاعیان (ابن خلکان) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 66۔
- الوافی بالوفیات (الصفدی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 162۔

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس زہر سے مرض یہ ہوا کہ آپ کا جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر دستوں کی صورت میں نکلتا رہا۔ آپ کے وصال پر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کو زہر کس نے دیا ہے؟۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تم اسے قتل کرنا چاہتے ہو؟۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: جی ہاں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اگر میرا قاتل وہی ہے جسے میں سمجھتا ہوں تو اللہ تعالیٰ اس سے سخت انتقام لے گا۔ اور اگر وہ نہیں ہے جس پر میرا گمان ہے تو میں کسی

بے گناہ کا قتل پسند نہیں کرتا۔ مجھے اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ زہر پلایا گیا لیکن اتنا سخت زہر مجھے اس سے پہلے کبھی بھی نہیں پلایا گیا۔

تخریجِ برکاتی:

- جامع معمر بن راشد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 361۔
- مصنف عبد الرزاق جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 452۔
- مصنف ابن ابی شیبۃ جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 476۔
- ابن عساکر جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 283۔
- الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (ابن عبد البر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 115۔
- اسد الغابۃ (ابن اثیر) جلد (ابن الاثیر) نمبر 3 صفحہ نمبر 274۔
- المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 193۔
- حلیۃ الاولیاء (ابو نعیم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 38۔
- صفۃ الصفوۃ (ابو الفرج عبد الرحمٰن جوزی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 761۔
- ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبد اللہ طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 141۔
- تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 251۔
- سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 273۔
- سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 274۔
- البدایۃ والنھایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 46۔
- تہذیب التہذیب (عسقلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 260۔
- الصواعق المحرقۃ (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 415۔
- ربیع الابرار (زمخشری) جلد نمبر صفحہ 1 نمبر 438۔

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر مبارک اس وقت پینتالیس برس چھ ماہ اور کچھ دن تھی۔ جب کہ آپ کی ولادت صحیح روایت

کے مطابق شب برات تین ہجری میں ہوئی۔

﴿تخریجِ برکاتی:

۔تہذیب التہذیب (عسقلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 257۔﴾

یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ کی ولادت رمضان المبارک ہوئی۔

یہ ہے معاملہ شہادت سِرّی کا جس کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بڑے نواسے مخصوص ہوئے۔

واقعاتِ شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

﴿نوٹ: چونکہ یہاں سے آگے حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے بطور مؤرخ واقعہ کربلاء کا تذکرہ کیا ہے اس لئے ہم صرف چند ایک بنیادی مأخذ ذکر کر رہے ہیں: برکاتی غفرلہ

۔تاریخ الامم والملوک از محمد بن جریر طبری۔

۔الکامل فی التاریخ از ابن الاثیر۔

۔تاریخ ابن خلدون از ولی الدین محمد بن محمد ابن خلدون۔

۔البدایہ والنہایہ از عماد الدین ابن کثیر۔

۔تاریخ الخلفاء از جلال الدین سیوطی وغیرھم۔﴾

اور جہاں تک شہادتِ جہری جس کے ساتھ آپ کے بڑے نواسے مخصوص ہوئے جو کہ کائنات کے مشہور ترین واقعات میں سے ایک واقعہ ہے۔اس واقعہ کے مشہور ہونے کا سبب یہ ہے کہ یہ شہادت جہری تھی۔

شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ کا بنیادی سبب

شہادت جہری کا سبب یہ ہوا کہ جب یزید بادشاہ بنا اور اس نے اقتدار سنبھال لیا اور یہ رجب سن ساٹھ ہجری میں دمشق میں حکمران بنا ۔اس نے اپنے زیر حکومت تمام علاقوں میں بیعت لینے کی غرض سے احکامات جاری کیے ۔اس نے اسی غرض سے مدینہ منورہ کے گورنر ولید بن عقبہ کو بھی حکم نامہ جاری کیا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی بیعت لی جائے ۔ چنانچہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیعت کرنے سے انکار کر دیا کیوں کہ وہ فاسق ،شرابی اور ظلم کرنے والا تھا۔اس لئے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ چار شعبان کو مدینہ منورہ سے نکلے اور مکہ مکرمہ تشریف لے گئے ۔ اور وہاں پر آپ قیام پذیر ہو گئے ۔ یہ خبر جب اہل کوفہ کو پہنچی تو ان میں سے بہت سے گروہوں نے اتفاق کیا اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی طرف تشریف لانے کے خط لکھے کہ آپ پر وہ اپنے مال اور جانیں قربان کر دیں گے اور اس بات میں انہوں نے بہت مبالغہ کیا۔ ان کے ایسے خطوط مسلسل آتے رہے اور یہ تعداد ڈیڑھ سو تک پہنچ گئی اور یہ خطوط کوفہ کے ہر ہر گروہ کی طرف سے آتے رہے۔

حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ کی روانگی کوفہ

چنانچہ آپ نے اپنے چچا زاد بھائی حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کوفہ کی طرف روانہ کیا اور مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کی مکمل مدد اور حمایت حاصل کرنے کی تاکید کی۔ چنانچہ حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفہ پہنچے تو مختار بن عبید کے ہاں قیام پذیر ہوئے ۔حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر بارہ ہزار سے زائد لوگوں نے بیعت کی۔ اس صورت حال پر حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ جو کہ یزید کی طرف سے کوفہ کے گورنر اور صحابی رسول تھے انہوں نے لوگوں کو معاملات سمجھانے کی کوشش کی اور یہ کوشش صرف لفظی حد تک محدود تھی اور انہوں کسی ایک پر بھی کوئی سختی نہ کی۔ اسی بناء پر مسلم بن یزید حضرمی اور عمارہ بن ولید بن عقبہ نے یزید کو حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے بارے میں اور اہل کوفہ کے رویہ کے بارے میں لکھا نیز حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی اس معاملہ میں بے پراہی کے بارے میں بھی لکھا۔

عبیداللہ بن زیاد کا تقرر بطور گورنر کوفہ

چنانچہ یزید نے حضرت نعمان بن بشیر کو معزول کر دیا اور ان کی جگہ عبیداللہ ابن زیاد جو کہ بصرہ کا بھی گورنر تھا، کو گورنر مقرر کر دیا، عبیداللہ ابن زیاد بصرہ سے کوفہ روانہ ہوا۔ وہ رات کے وقت میں کوفہ میں حجازیوں کے

لباس میں داخل ہوا اور اس نے یہ دھوکہ دیا کہ وہ حضرت امام حسین ہے ۔لوگوں نے رات کی تاریکی میں اسے حضرت امام حسین سمجھ کر اس کا استقبال کیا لوگ اسے سلام کررہے تھے اور وہ ان کے آگے آگے چلتا جارہا تھا اور لوگ یاابن رسول اللہ مرحبا کہہ کراس کا خیر مقدم کررہے تھے۔وہ خاموشی سے سیکرٹیریٹ میں داخل ہوگیا۔

ابن زیاد اور سازشیں

جب صبح ہوئی تو اس نے لوگوں کو جمع کیا اوران پر اپنی حکومت کا تقررنامہ پڑھ کر سنایا اور لوگوں کو یزید کی مخالفت کرنے سے ڈرایا دھمکایا ۔اس نے اپنے مکراور چالوں سے حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی جماعت میں پھوٹ ڈال دی ۔ چنانچہ حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ حضرت ہانی بن عروہ کے گھر میں پناہ گزیں ہوگئے۔

ابن زیاد کی طرف سے جنگ کا باقاعدہ آغاز

عبیداللہ بن زیاد نے محمد بن اشعث کو ایک بڑے فوجی دستے کے ہمراہ ہانی بن عروہ کے گھر بھیجا وہ ہانی بن عروہ کو پکڑ کرلے آئے اس نے انہیں قید کرلیا اوراس کے ساتھ ساتھ تمام روسائے کوفہ کو بھی ایک دعوت کے بہانے بلاکر اپنے پاس قید کرلیا۔ یہ خبر حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو آپ نے اپنا شِعار (مخصوص نعرہ) پکارا۔ چنانچہ آپ کے

گرد فوراً چالیس ہزار لوگ جمع ہو گئے اور انہوں نے قصر حکومت (سیکرٹیریٹ) کو گھیرے میں لے لیا۔

حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ اور تنہائی

عبیداللہ ابن زیاد نے ان رؤسائے کوفہ کو جنہیں قیدی بنا کر رکھا ہوا تھا انہیں مجبور کیا کہ تم اپنے اپنے قبائل و برادری سے بات کر کے انہیں واپس بھیجو اور انہیں حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی حمایت سے دور کرو۔ چنانچہ انہوں نے (اپنی اپنی جان بچانے کی غرض سے) اپنے اپنے قبائل سے گفتگو کر کے انہیں واپس جانے پر مجبور کیا اور یوں لوگ آہستہ آہستہ واپس جانے لگے اور شام تک آپ کے گرد صرف اور صرف پانچ سو افراد رہ گئے اور جب اندھیرا چھا گیا تو وہ بھی چلے گئے اور یوں حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ تنہا رہ گئے۔ اب آپ راستے میں تنہا تھے تو آپ راستے میں پریشانی کے عالم میں چلتے ہوئے ایک عورت کے مکان پر پہنچے آپ نے اس سے پانی طلب کیا اس نے آپ کو پانی پیش کیا اور آپ کو اپنے گھر تشریف لانے کو کہا۔ آپ اس کے گھر میں داخل ہوئے۔ اس عورت کا ایک بیٹا محمد بن اشعث کا چیلا تھا اس نے جا کر محمد بن اشعث کو خبر دی اس نے آگے عبیداللہ ابن زیاد کو بتا دیا۔ عبیداللہ ابن زیاد نے عمرو بن حُریث تھانیدار کو اور محمد بن اشعث کو بھیجا انہوں نے اپنے سپاہیوں کے ساتھ جا کر اس مکان کا محاصرہ کر لیا۔

حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ اور جنگ کا میدان اور شہادت معہ صاحبزادگان

حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہا اپنی تلوار لے کر نکلے اور ان سے جہاد شروع کر دیا (آپ کے شدید زخمی ہونے پر) محمد بن اشعث آپ کے پاس آیا اور آپ کو امان کا جھانسہ دے کر عبیداللہ ابن زیاد کے پاس لے گیا۔ عبیداللہ ابن زیاد نے حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے آپ کا جسد مبارک لوگوں کی طرف پھینک دیا۔ پھر اس نے ہانی بن عروہ کو پھانسی کے پھندے پر لٹکا دیا اور یہ واقعہ ذوالحج کی تین تاریخ سن ساٹھ ہجری کو پیش آیا۔ اور اس کے بعد عبیداللہ ابن زیاد نے حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے دونوں بیٹے جو کہ آپ کے ساتھ ہی گئے تھے، حضرت محمد اور حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہما کو بھی شہید کروا دیا۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ سے کوفہ روانگی

یہی وہ وقت تھا جب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ سے کوفہ کے لئے روانہ ہوئے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ آٹھ ذی الحجہ کو روانہ ہوئے۔ آپ کی روانگی کا سبب یہ تھا حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے آپ کو خط لکھا تھا کہ آپ یہاں پر تشریف لے آئیں یہ تمام لوگ آپ کے منتظر ہیں۔ جب آپ روانہ ہونے لگے تو حضرت

سیدنا عبداللہ بن عباس، حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔ حضرت سیدنا جابر، حضرت سیدنا ابو سعید خدری اور حضرت سیدنا ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہم نے آپ کو جانے روکا لیکن آپ نہ رکے اور ساتھ ہی یہ حدیث پاک بھی سنائی کہ میں نے اپنے والد محترم حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے یہ بیان سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک مینڈھے کی وجہ سے مکہ مکرمہ کی بے حرمتی ہوگی۔ آپ نے فرمایا کہ میں وہ مینڈھا نہیں بننا چاہتا۔ آپ روانہ ہوئے تو آپ کے اہل بیت میں سے، آپ کے خداموں اور غلاموں میں سے آپ کے ساتھ اٹھاسی لوگ روانہ ہوئے۔

شہادتِ مسلم رضی اللہ عنہ کی خبر امام حسین رضی اللہ عنہ کو

دوران سفر آپ نے سنا کہ حضرت امام مسلم بن عقیل شہید ہوگئے ہیں۔ چنانچہ آپ نے وہاں سے واپسی کا قصد کیا تو بنو عقیل کہنے لگے کہ اللہ کی قسم جب تک ہم قصاص نہ لے لیں یا ہم سب شہید نہ ہو جائیں ہم واپس نہیں جائیں گے۔ تو حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ تمہارے بعد زندگی میں کوئی بھلائی نہیں چنانچہ آپ عراق کی طرف روانہ ہوگئے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور حر کی آمد

جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ آپ کوفہ سے دو منزل کے فاصلے

پر تھے تو آپ کو حر بن یزید ریاحی اور اس کے ساتھ ایک ہزار فوجی تھے جو کہ عبید اللہ بن زیاد کے ساتھیوں میں سے تھے اور مسلح ہو کر آئے تھے۔ اس نے آپ سے کہا مجھے عبید اللہ ابن زیاد نے آپ کی طرف بھیجا ہے اور اس نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کے ساتھ ساتھ رہوں یہاں تک میں آپ کو اس کے پاس لے جاؤں اور اللہ کی قسم میں مجبور ہوں۔ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنی مرضی سے اس شہر میں نہیں آیا بلکہ اس کے رہنے والوں نے مجھے خطوط لکھ لکھ کر اور قاصد بھیج بھیج کر مجھے بلوایا ہے اور تم بھی اہل کوفہ میں سے ہی ہو اور اگر تم اپنی بیعت پر قائم ہو تو میں تمہارے شہر میں داخل ہو جاتا ہوں ورنہ میں واپس لوٹ جاتا ہوں۔ حر نے آپ سے کہا کہ اللہ کی قسم میں نہیں جانتا کہ یہ خطوط کن کے ہیں اور نہ ہی میں ان قاصدوں کو جانتا ہوں اور آپ کو چھوڑ کر میرا کوفہ کی طرف پلٹنا ممکن ہی نہیں ہے۔ سو اب میں آپ کو لے کر کوفہ جاؤں گا۔ ان دونوں کے درمیان بات بڑھ گئی۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی کربلا میں آمد

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے راستہ تبدیل فرما لیا اور آپ سن اکسٹھ ہجری محرم الحرام کی دو تاریخ کو کربلا میں اترے۔ آپ نے اس جگہ کا نام پوچھا تو بتایا گیا کہ اسے کربلاء کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ جگہ کرب و بلاء والی ہے۔ آپ کے ساتھی اتر پڑے اور انہوں اپنے سامان بھی اتار

لئے ۔حر اور اس کا لشکر بھی آپ کے بالمقابل کربلاء کی سرزمین میں ہی اتر پڑا۔ پھر عبیداللہ ابن زیاد نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف ایک خط لکھا جس میں یزید کی بیعت کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ جب یہ خط حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو ملا۔ آپ نے اسے پڑھا اور رکھ دیا اور فرمایا کہ اس کا میرے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ قاصد لوٹ کر عبیداللہ ابن زیاد کے پاس گیا اس سے یہ جواب پا کر وہ غصے سے بھڑک اٹھا اور لوگوں کو جمع کر کے ایک لشکر تیار کیا اور اس کا سپہ سالار عمرو بن سعد کو بنا دیا۔ جو کہ رَے شہر (موجودہ ایران کا شہر تہران) کا گورنر مقرر کیا گیا تھا۔ اس نے وہاں جانے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے سے معذرت کی ۔ ابن زیاد نے اس سے کہا یا تو تم وہاں (کربلا) چلے جاؤ اگر نہیں جا سکتے تو پھر رَے کی حکومت دستبردار ہو اور اپنے گھر جا بیٹھو۔ چنانچہ اس نے رَے کی حکومت کو پسند کیا اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے لڑنے کے لئے فوج لے کر روانہ ہو گیا۔

بائیس ہزار یزیدی فوج اور کربلا

اور ابن زیاد فوجی دستے روانہ کرتا رہا یہاں تک کہ عمرو بن سعد کے پاس بائیس ہزار سوار اور پیدل فوج جمع ہو گئی ۔ یہ تمام لوگ دریائے فرات کے کنارے پر جمع ہو گئے اور پانی اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے درمیان میں حائل ہو گئے ۔ اکثر وہی لوگ حضرت

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے لڑنے کے لئے آئے تھے جنہوں نے آپ کو خطوط لکھے تھے اور آپ کی بیعت کی تھی۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور جنگ کی تیاری

جب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو یقین ہو گیا کہ اب لڑائی یقینی ہے تو آپ نے اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ اپنے لشکر کے گرد گہری کھائی خندق کے انداز میں کھودیں۔ چنانچہ انہوں نے خندق کھودی اور اس کا ایک ہی دروازہ رکھا تا کہ اس سے گذرا جا سکے۔ اب ابن سعد کا لشکر سوار ہوا اور انہوں حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں کا گھیراؤ کر لیا۔ اور اژدھام کر کے آپ کے ساتھیوں کو شہید کرنا شروع کر دیا۔ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے جان نثار ایک کے بعد ایک کر کے شہید ہوتے رہے یہاں تک کہ ان کی تعداد پچاس سے زائد ہو گئی۔

حر کی یزیدی فوج سے امام حسین رضی اللہ عنہ کی جماعت میں آمد

اس وقت حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ پکارے: ہے کوئی جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہمارا ساتھ دے؟۔ ہے کوئی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھرانے کی مستورات کی حفاظت کرے؟۔ چنانچہ حر بن یزید ریاحی

جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے، اپنے گھوڑے پر بیٹھ کر آپ کی طرف آیا اور عرض گذار ہوا کہ میں ہی وہ شخص ہوں جس نے آپ پر خروج کیا لیکن اب میں آپ کی جماعت میں شامل ہونا چاہتا ہوں ۔ اب آپ مجھے حکم دیں تاکہ میں اب آپ کی مدد میں شہید ہو جاؤں ۔شاید کہ کل قیامت کو میں آپ کے نانا جان کی شفاعت پاسکوں ۔ پھر اس نے عمرو بن سعد کے لشکر پر حملہ کر دیا۔ پھر وہ ان سے لڑتا رہا یہاں تک کہ وہ لڑتے لڑتے شہید ہو گیا اور اس کے ساتھ اس کا بھائی ،اس کا بیٹا اور اس کا غلام بھی شہید ہو گئے ۔

جنگ کا عروج اور اہلِ بیتِ رسول کی شہادتیں

پھر زور دار جنگ ہوئی یہاں تک کہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے تمام ساتھی بھی شہید ہو گئے ،آپ کے خاندان والے آپ کے بچے ،آپ کے بھائی ، چچازاد بھائی تک سبھی شہادت پر فائز ہو گئے ۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور کے جہاد کے جوہر

اب آپ تنہا رہ گئے تو آپ نے خود لڑنے کا فیصلہ کیا آپ نے اپنی تلوار اپنے ہاتھ میں پکڑی اور ان سے لڑتے رہے اور جو بھی آپ کے مقابلہ میں آتا آپ اسے مار دیتے یہاں تک کہ انہوں نے آپ کو زخموں سے چور چور کر دیا ۔آپ پر چاروں طرف سے تیر برسنے لگے ۔

شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

شمر اپنے فوجی دستے کے ساتھ آپ کے سامنے آیا اور آپ اور آپ کے خیمہ میں موجود حرم کے درمیان حائل ہو گیا۔ آپ نے للکارا: اے شیطان کے گروہ میں تم سے لڑ رہا ہوں تمہیں گھر والوں سے کیا کام؟۔ عورتیں تم سے نہیں لڑیں گی۔ شمر نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ عورتوں پر حملہ نہ کرو بلکہ امام پر ہی حملہ کرو۔ سب نے مل کر آپ پر تیروں اور نیزوں سے حملہ کر دیا یہاں تک کہ آپ شہید ہو کر گر گئے۔ نصر بن خرشہ آپ کا سر مبارک کاٹنے لگا لیکن اس میں ہمت نہ ہوئی اور وہ آپ کا سر نہ کاٹ سکا۔ تب خولی بن یزید اترا اس نے آپ کا سر مبارک تن سے جدا کیا۔ ایک روایت میں ہے کہ شمر نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تم پر افسوس تم اس شخص پر کس کا انتظار کر رہے ہو جسے زخموں نے چُور چُور کر دیا ہے۔ یہ سنتے ہی آپ پر مسلسل تیروں اور نیزوں کی بارش ہو گئی۔ یہاں تک کہ بدبختوں میں سے ایک بدبخت کا تیر آپ کے تالو مبارک کے آر پار ہو گیا اور آپ گھوڑے سے گر پڑے۔ شمر نے آپ کے چہرہ مبارکہ پر تلوار ماری اور سنان بن انس النخعی نے آپ کو نیزہ مارا خولی بن یزید اپنے گھوڑے سے اترا تاکہ آپ کا سر مبارک تن اقدس سے جدا کر دے تو اس کے دونوں ہاتھ کانپنے لگے اس کا بھائی شبل بن یزید گھوڑے سے اترا اس نے آپ کا سر مبارک تن مبارک سے جدا کر دیا اور اپنے بھائی خولی بن یزید کے حوالے کر دیا۔ پھر وہ

لوگ حرم نبوی میں داخل ہو گئے اور انہیں قیدی بنانا شروع کر دیا بنی ہاشم میں سے بارہ بچے اور تمام مستورات کو قیدی بنالیا گیا۔ عمرو بن سعد اور شمر نے ایک گروہ کو حکم دیا تو وہ اپنے گھوڑوں پر سوار ہو گئے اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے جسد مبارک کو گھوڑوں کے سموں کے نیچے روندنے لگے۔ انہوں نے آپ کا سر مکرم بشیر بن مالک اور خولی بن یزید کے کے ذریعے ابن زیاد کے پاس بھیج دیا۔

شہدائے اہلِ بیت میں سے چند ایک کے نام

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ آپ کے اہل بیت میں سے جو شہید ہوئے ان میں حضرت عباس، حضرت عثمان، حضرت محمد، حضرت عبداللہ، حضرت جعفر رضی اللہ عنہم جو کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بیٹے تھے، اور حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت عمر، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہم جو کہ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے بیٹے تھے آپ کے ساتھ ہی شہید ہوئے، اس کے علاوہ آپ کے دو بیٹے حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ اپنے والد محترم کے سامنے لڑتے رہے یہاں تک وہ بھی شہید ہو گئے اور آپ کے دوسرے بیٹے عبداللہ (علی اصغر) بچے ہی اپنے والد محترم کی گود میں کربلاء میں ہی شہید کر دیئے گئے کہ ایک بدبخت کا تیر آ کر انہیں لگا جس وہ شہید ہو گئے۔ آپ کے ساتھ ہی حضرت عون اور حضرت محمد جو کہ حضرت عبداللہ کے بیٹے تھے (حضرت سیدنا امام حسین

رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ محترمہ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے بیٹے) وہ بھی شہید ہو گئے ۔ حضرت عقیل بن ابی طالب کی اولاد میں سے عبداللہ، عبدالرحمٰن اور جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم شہید ہوئے ۔ آپ کی شہادت دس محرم الحرام سن اکسٹھ ہجری میں ہوئی ۔ اس وقت آپ کی عمر چھپن برس پانچ ماہ اور پانچ دن تھی ۔ بدبخت ابن زیاد نے آپ کے سر مبارک کو کوفہ کی گلیوں میں پھرائے جانے کا حکم دیا۔

شہداء کے سروں کو بعد از شہادت تنوں سے جدا کرنا

پھر اس نے آپ کے سر مبارک کو دیگر شہداء کے سروں اور اہل بیت کے قیدیوں کے ہمراہ شمر ذی الجوشن کے ساتھ یزید بن معاویہ کے پاس دمشق میں بھیج دیا۔ کچھ وقت کے بعد وہاں سے یزید نے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آل پاک اور آپ کے سر مبارک کو حضرت سیدنا علی بن حسین رضی اللہ عنہ (امام زین العابدین) کے ہمراہ مدینہ منورہ روانہ کر دیا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔

حضور ﷺ کا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبریں عطا فرمانا

(متعدد اسناد سے)

جہاں تک اس ہولناک واقعہ میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی احادیث مبارکہ جو کہ وحی کی صورت میں جبریل علیہ السلام یا دیگر فرشتوں کے ذریعہ سے آئی ہیں، کا تعلق ہے سو وہ مشہور اور متواتر ہیں۔

حضرت عائشہ اور شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

اور جو روایت محمد بن سعد اور امام طبرانی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بیان کی ہے کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے جبریل علیہ السلام نے خبر دی کہ بے شک میرے بعد میرا بیٹا حسین زمین طف میں شہید ہوگا۔ اور وہ میرے پاس یہ مٹی لائے ہیں اور انہوں نے مجھے بتایا کی یہ مٹی ان کے دفن ہونے کی جگہ سے ہے۔

تخریج برکاتی:

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 107۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 188۔

۔کنزالعمال (ہیثمی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 123۔

۔اسنی المطالب (محمد بن درویش بیروتی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 33۔

۔فیض القدیر جلد (مناوی) نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 73۔

حضرت امِ فضل اور شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

ابوداؤد اور حاکم نے ام فضل بنت حارث سے روایت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے مجھے خبر دی کی میری امت میرے اس بیٹے یعنی حسین کو شہید کر دے گی اور جبریل علیہ السلام میرے پاس اس جگہ کی سرخ مٹی میں سے کچھ مٹی بھی لے کر آئے ہیں۔

تخریجِ برکاتی:

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 194۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 368۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 197۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 258۔

۔کنزالعمال (علی متقی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 123۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 154۔

امام احمد نے روایت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس گھر میں وہ فرشتہ آیا جو کہ اس سے پہلے کبھی بھی میرے پاس نہیں آیا اس نے مجھے بتایا کہ آپ کا یہ بیٹا یعنی حسین شہید ہو جائے گا

۔اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو اس جگہ کی کچھ مٹی بھی دکھا دوں؟ جہاں یہ شہید ہوگا اور اس نے سرخ رنگ کی مٹی لا کر دکھائی۔

تخریج برکاتی:

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 194۔

۔فضائل الصحابۃ (احمد بن حنبل) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 770۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 301۔

۔تاریخ اسلام (ذہبی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 104۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 193۔

۔السلسلۃ الصحیحۃ (البانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 465۔

حضرت امِ سلمہ اور شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

۔امام بغوی نے اپنی معجم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ بارش کے فرشتہ نے اللہ تعالیٰ سے اجازت چاہی کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہے۔ چنانچہ اسے اجازت مل گئی اور اس وقت حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف فرما تھے۔آپ نے فرمایا اے ام سلمہ ہم پر دروازہ کی حفاظت کرنا اور کسی کو بھی اندر نہ آنے دینا۔ چنانچہ اسی دوران جب کہ آپ دروازہ پر تھیں جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ طفلانہ محبت میں اندر داخل ہو گئے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے لپٹ گئے۔حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم انہیں گود میں لے کر چومنے لگے۔فرشتہ کہنے لگا کہ آپ ان سے محبت

کرتے ہیں؟۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا؟ ہاں۔ فرشتہ کہنے لگا: آپ کی امت عنقریب انہیں شہید کردے گی اگر آپ چاہیں تو ان کی شہادت گاہ آپ کو دکھا دی جائے۔ تو انہوں نے آپ کو ریتلی یا سرخ مٹی لاکر دکھائی جسے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے لے کر ایک کپڑے میں رکھ لیا۔ حضرت ثابت نے کہا کہ ہم اسے کربلا کہتے تھے۔

ابو حاتم نے بھی اسے اپنی صحیح میں بیان کیا ہے۔ احمد کے بیٹے نے اپنی زیادۃ مسند میں بیان کیا ہے کہ پھر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم مجھے ایک مٹھی بھر سرخ مٹی عطا فرمائی۔

تخریجِ برکاتی:

- مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 242۔
- التذکرۃ (قرطبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 643۔
- البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 257۔
- دلائل النبوۃ (قرطبی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 369۔
- الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 191۔
- سبل الھدیٰ والرشاد (یوسف صالحی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 154۔

حاکم اور بیہقی نے ام فضل بنت حارث سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا کہ ایک دن میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس داخل ہوئی تو میں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو آپ کی گود میں ڈال دیا پھر جو میں نے دیکھا تو پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دونوں آنکھوں سے آنسو

جاری ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے انہوں مجھے خبر دی کہ میری امت میرے اس بیٹے کو شہید کر دے گی۔ اور آپ نے مجھے اس جگہ کی مٹی عطا فرمائی۔

تخریجِ برکاتی:

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 194۔
۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 368۔
۔ابن عساکر جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 197۔
۔البدایہ والنھایہ (ابن کثیر) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 258۔
۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 191۔

حضرت امِ سلمہ اور شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ

